© rasailojaraid.com

کامیابی کا سہرا پروفیسر محمد سلیم صدیقی پرنسپل، پروفیسر محمد صدیق ظفر حجازی (مدیر اعلیٰ) پروفیسر میاں زمان علی (نگران) کے علاوہ ان باصلاحیت نوجوان طلبہ کے سر بندھتا ہے، جنہوں نے مل کر اس مہم کو خوبی سے سر کیا۔

---

بتول — سیرت نمبر | ادارت: سلمیٰ یاسمین نجمی (پوسٹ بکس ۴۵۲ - راولپنڈی صدر)

دفتر رابطہ: سید پلازہ - کمرہ نمبر ۱۴ - ۳۰ فیروز پور روڈ، لاہور۔

نومبر ۱۹۸۶ء کے اس نمبر کی قیمت معلوم نہ ہو سکی۔

خواتین کے لیے دینی ترجمان طور پر جتنے بھی جرائد و رسائل نکلتے ہیں، ان میں بتول کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ مضامین مختصر مگر پختہ شائع ہوتے ہیں۔ اداریہ بصیرت افروز، افسانے اور نظمیں دلکش۔ اور اب یہ خاص نمبر ہے۔

ربیع الاول کے دور کے اکثر سیرت نمبر اپنا ایک ہی نورانی محور رکھتے ہیں۔ یعنی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت و سوانح کی زیادہ سے زیادہ معلومات و تفصیلات نیز آپؐ کی سنت کی پھیلتی کرنیں۔ یہی کچھ اس خاص نمبر میں ہے۔ اچھے اچھے مضامین، خوش آہنگ نعتیں، نامور مضمون نگار، رسالے میں سنجیدگی کا رنگ غالب، حضورؐ کی دینی تعلیمات جا بجا روح افروز۔

امید ہے کہ اسے ہاتھوں ہاتھ لیا جائے گا۔

---

پکار — سالانہ اجتماع نمبر | بہ اہتمام اسلامی جمعیت طالبات - سربراہ ادارت: انیسہ رشید

افسوس کہ دفتر کا پتہ اس پرچہ پر نہ مل سکا۔    قیمت: ۶/۵۰ روپے

یہ تحریکِ اقامتِ دین کا اعجاز ہے کہ اس نے مردوں کے علاوہ عورتوں میں اور طلبہ کے ساتھ ساتھ طالبات میں سے صفیں کی صفیں راہِ حق میں معرکہ آرائی کے لیے اٹھا کھڑی کی ہیں۔

© rasailojaraid.com